# ESKPX-XXVI (I)
# SSC-(P-II)

## اُردو (دہم)

کُل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ — **سیکشن (ب)** — نمبرات:36

**سوال2۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے آٹھ کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔** 16

(الف) اگلے روز نماز عشاء کے بعد اعلان ہوا کہ رات کے ساڑھے گیارہ بجے جہاز میقات حرم سے گزرے گا، اس لیے سب لوگ احرام باندھنے کی تیاری کر لیں۔ یہ اعلان سنتے ہی مسافروں میں بجلی کی رو دوڑ گئی اور سب لوگ احرام کی تیاریوں میں منہمک ہو گئے۔ ساڑھے گیارہ بجے تک سب مسافر احرام باندھ کر جہاز کے عرشوں پر جمع ہو گئے تھے۔ گیارہ بج کر چالیس منٹ پر جہاز کا سائرن بجا اور ساڑھے سات سو حاجیوں نے بہ یک زبان تلبیہ کا آوازہ بلند کیا۔ لبیک الّٰھم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد و نعمت لک والملک لا شریک لک۔

(اے اللہ میں تیرے دربار میں حاضر ہو گیا تیرا کوئی شریک نہیں۔ تحقیق ہر طرح کی تعریف اور نعمت تیرے لیے ہے اور ملک تیرے لیے ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں) تلبیہ کا نعرہ لگاتے ہی یہ مجمع چشم زدن میں خالق کائنات کے حضور جا کھڑا ہوا۔

**سوالات:**

i. نماز عشاء کے بعد کیا ہوا؟
ii. اعلان میں کیا کہا گیا؟
iii. اعلان سنتے ہی مسافروں نے کیا کیا؟
iv. احرام باندھنے کے بعد مسافر کہاں جمع ہو گئے؟
v. سائرن کس وقت بجا؟
vi. سائرن بجتے ہی حاجیوں نے کیا کیا؟
vii. تلبیہ کا ترجمہ لکھیں۔
viii. تلبیہ کا نعرہ لگاتے ہی مجمع نے کیا کیا؟
ix. عبارت کے لیے موزوں عنوان تجویز کریں۔

**ب) درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔** 10

اک ہدیہ عقیدت — عالی کا یہ ترانہ
بس فرض ہے حقیقت — باقی ہے سب فسانہ
اے دیس کی ہواؤ! — سرحد کے پار جاؤ!

**سوالات:**

i. درج بالا نظم میں شاعر کی "حقیقت" سے کیا مُراد ہے؟
ii. درج بالا نظم میں شاعر کی "فسانہ" سے کیا مُراد ہے؟
iii. شاعر نے دیس کی ہواؤں کو کیا پیغام دیا۔ دو سطروں میں تحریر کریں۔
iv. سرحد پار مجاہدین کے لیے شاعر کے خلوص کا اظہار دو سطروں میں تحریر کریں۔
v. درج بالا اشعار کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

**ج) درج ذیل میں سے پانچ کے جوابات تحریر کریں۔** 5 X 2=10

i. درج ذیل جملوں کی تقطیع کریں۔
   i. کاشف تابع فرمان لڑکا ہے۔ ii. بچے کھیل رہے ہیں۔

ii. درج ذیل عبارت میں ذو معنی الفاظ الگ کر کے دوبارہ لکھیں۔
   جیسے ہی اُستاد صاحب نے کہا کہ ہمارا امتحان پانچ تاریخ سے شروع ہو گا ان کی اس بات نے ہمارے چھکے چھڑا دیے۔

iii. استعارہ اور مجاز مرسل میں فرق واضح کریں۔

iv. مصرع کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

v. مخمس اور مسدّس کسے کہتے ہیں۔

vi. ذیل کے جملوں کو جملہ معترضہ کے لحاظ سے درست کر کے دوبارہ لکھیں۔
   i. میرا موبائل آئی فون کہیں کھو گیا ہے۔ ii. میں نے بازار پشاور صدر سے خریداری کی۔

**سیکشن (ج)** — نمبرات:24

**سوال3۔ متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔** (05)

(الف) "بہن آ کر نہیں رہی تھیں ایک مہینہ۔ اے اب ایسا بھی کیا؟" پھوپھی بولیں اور بولتی چلی گئیں۔ "بھئی آج کل کی عورتیں بھی خوب ہیں۔ اے ہم تو جب بیزار ہوتے تھے تمھارے پھوپھا سے تو بہن بھائی، خالہ، ممانی، چچی جس کے گھر جی چاہا اپنے بچے سمیٹ کر مہمان ہو جاتے۔ پھر کچھ دیر بعد خود ہی منانے آتے۔ اللہ بخشے ہماری اماں کہتی تھیں اس طرح بیوی کی قدر ہو جاتی ہے میاں کو۔۔۔۔۔"

(ب) مغرب میں قومیت کا تصور چند بنیادی اُمور پر مشتمل ہے۔ رنگ و نسل، زبان اور جغرافیہ وہ وحدتیں ہیں جن سے مختلف ملکوں کے باشندے اپنا قومی تشخص متعیّن کرتے ہیں۔ اقبال کے نزدیک مغرب کا تصوّرِ وطنیت جب ایک نصب العین کی صورت اختیار کرتا ہے تو اسلام کی بنیادی روح سے متصادم ہو جاتا ہے کیونکہ اسلام بنی نوع انسان کی وہ وحدت ہے جو رنگ و نسل و زبان سے بالاتر ہے۔ شروع شروع میں علامہ اقبالؒ مغرب کے تصوّرِ وطنیت کے قائل تھے اور اُنھوں نے وطن کے تصور کو "بانگِ درا" کی بعض نظموں میں ایک روحانی رنگ بھی دیا لیکن بہت جلد وہ اس اثر سے نکل آئے اور وطنیت کے مغربی تصور کی کھلم کھلا مخالفت کی۔

**سوال4۔ نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔** (05)

(الف)
صدائیں نعرہ ہائے جنگ کی آتی ہیں کانوں میں
بلند آہنگ تکبیریں سما جاتی ہیں کانوں میں
نظر آتا ہے مجھ کو سرخرو ہونا شہیدوں کا
وہ اطمینان، وہ ہنستا ہوا چہرہ اُمیدوں کا

ب)
جلوۂ قدرت کا شاہد، حسن فطرت کا گواہ
ماہ کا دل، مہر عالم تاب کا نورِ نگاہ
قلب آہن جس کے نقش پا سے ہوتا ہے رقیق
شعلہ خُو جھونکوں کا ہمدم، تیز کرنوں کا رفیق

**سوال5۔ شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے۔** (05)

(الف)
محبت صلح بھی، پیکار بھی ہے
یہ شاخِ گل بھی ہے، تلوار بھی ہے
طبیعت عشق کی خود دار بھی ہے
اُدھر نازک مزاجِ یار بھی ہے

ب)
بچھڑ گیا ہوں مگر کارواں سے دُور نہیں
یہ خاک قافلہ رفتگاں سے دور نہیں
وہ منزلیں میری جولاں گہ محبت ہیں
جہاں زماں و مکاں لامکاں سے دور نہیں

**سوال6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 200 سے 300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔** (09)

i. ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا
ii. کسی تاریخی مقام کی سیر